’بچو کڈو‘ اور ’روی رانا‘ کے درمیان صلح

وزیر اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ کی ثالثی کے بعد معاملہ ٹھنڈا ہوا

ممبئی: مہاراشٹر کے دو آزاد اراکین اسمبلی بچو کڈو اور روی رانا کے درمیان ۷ دنوں سے جاری زبانی جنگ بالآخر وزیر اعلیٰ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ فڈنویس کی ثالثی کے بعد ختم ہوگئی۔ اطلاعات کے مطابق روی رانا نے بچو کڈو سے معافی مانگ لی جس کا بچو کڈو نے خیر مقدم کیا، لیکن اس صلح کے باوجود بھی دونوں میں حالات اب بھی بہتر نہیں ہوئے ہیں۔ بچو کڈو نے گزشتہ روز امراوتی میں منعقدہ ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں روی رانا کو معاف کرتا ہوں کیونکہ یہ پہلی بار ہوا ہے۔ روی رانا نے اس کا جواب دیا ہے۔ وہ ممبئی میں میڈیا سے بات کر رہے تھے۔ یہ تنازع اب ختم ہوگیا ہے اور یہ اچھا ہوا۔ مجھے کسی سے کوئی غرض نہیں لیکن اگر کوئی مجھے غصہ دلا رہا ہے تو یہ ٹھیک نہیں ہے۔ اگر بچو کدو تلخ کلامی کرتے ہیں تو میں اس کے مطابق جواب دینے کے قابل ہوں،" روی رانا نے تبصرہ کیا۔ روی رانا محبت کی زبان پر ایک بار نہیں دس بار پیچھے ہٹنے کو تیار ہیں۔ لیکن اگر کوئی تحکمانہ انداز میں بولتا ہے میں گھر میں گھس کر اسے مارنے کی ہمت رکھتا ہوں"، اس نے بچو کدو کو بھی خبردار کیا۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس میرے لیڈر ہیں۔ ان کے کہنے پر ہی میں نے دستبرداری اختیار کی۔ میں نے اس جھگڑے کو سلجھانے کی کوشش کی تاکہ کسی کی دل آزاری نہ ہو۔ لیکن اگر کوئی مجھے بار بار طیش دلایا جائے گا تو میں جواب بھی دے سکتا ہوں"۔

صابو صدیق کالج میں فارن اسٹڈی سیمینار

بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند طلبہ نے استفادہ کیا

ممبئی: کینیڈا سے فیروز خان نے صابق صدیق کالج آف انجینئرنگ میں فارن اسٹڈی سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار میں ۱۰۰ر سے زائد طلباء نے شرکت کی تاکہ کینیڈا میں مطالعہ کو سمجھ سکیں۔ فیروز خان نے کینیڈا میں تعلیمی نظام کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ انہوں نے فیس، مطالعہ کی مدت، اور کینیڈا میں ملازمت کے مواقع کے بارے میں بھی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا کی حکومت بین الاقوامی طلباء کے لیے بہت خوش آئند ہے۔ حکومت طلباء برادری کو بہت مدد فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ اب کینیڈا میں طلباء کما سکتے ہیں اور سیکھ سکتے ہیں۔ حال ہی میں حکومت نے پارٹ ٹائم کام کے اوقات کو بڑھا کر ۴۰ر گھنٹے فی ہفتہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورس کی تکمیل کے بعد ملازمت کے بہت سے مواقع ہیں اور طلباء کو مستقل رہائش بھی حاصل ہوسکتی ہے اور چند سالوں کے بعد شہری بننے کا موقع مل سکتا ہے۔ مجموعی طور پر کینیڈا مطالعہ اور کام کرنے کے لیے ایک بہترین جگہ ہے۔ www.koursesabroad.com سے اظہار خان نے بیرون ملک اسٹڈی پورٹل کو طلباء سے متعارف کرایا اور انہیں اپنی خدمات کے بارے میں بتایا۔

عام شہریان کو پریشان نہ کرتے ہوئے شرپسندوں پر قانون کا ڈنڈا اٹھاؤ

جالگاؤں کے نئے ایس پی ایم راجکمار کی پہلی جرائم جائزہ میٹنگ

جالگاؤں (نامہ نگار) شہریان میں پولیس کے تعلق سے احترام وقانون کو توڑنے والوں میں دباؤ ہونا چاہیئے۔ جس کے لیئے کسی بھی عام شہری کو معمولی وجہ سے پولیس کی جانب سے پریشانی نہیں ہونی چاہیئے۔ لیکن مجرم وبدمعاشوں وشرپسندوں پر قانون کا ڈنڈا اٹھانا ہی چاہیئے۔ اس کے علاوہ زیادہ سے زیادہ افراد پر ممنوعہ کاروائیاں ہونی ہی چاہیئے۔ اس طرح کی ہدایت جالگاؤں ضلع کے نئے پولیس ایس۔ پی۔ ایم۔ راجکمار نے اپنے معاون افسران کو دی۔ گذشتہ ہفتہ ایم۔ راجکمار انھوں نے پولیس ضلع ایس۔ پی۔ کے عہدہ سنبھالا۔ اس کے بعد گذشتہ روز پہلی جرائم جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا تھا۔ ایڈیشنل ایس۔ پی۔ چندرکانت گولی، رمیش چوپڑے وغیرہ اسٹیج پر جلوہ افروز تھے۔ مذکورہ میٹنگ صبح ۱۰ بجے سے شام ٦ بجے تک جاری رہی۔ ایم۔ راجکمار نے ہر پولیس اسٹیشن کا جائزہ کیا۔ موصوف نے جنوری تا ستمبر تک کے درمیان ہوئے جرائم، درج شکایتیں، فرار و مطلوب ملزمین سمیت دیگر جرائم کا جائزہ لیا۔ قتل، قتل کی کوشش، اغوا، گاڑی چوری وغیرہ کے جرائم کا انکشاف کرنا اطمینان بخش ہے۔ مذکورہ میٹنگ میں حال ہی میں متنازعہ معاملات کے علاوہ نظام آمدورفت کے تعلق سے جڑے مسائل بھی زیر غور آئے۔

گرانٹ کا فیصلہ ابھی نہیں؛ ۱۵ر نومبر کو اعلان متوقع، احتجاج میں شدت

وزیر تعلیم کیساتھ آج بھی میٹنگ کا انعقاد، صد فیصد گرانٹ کے مطالبہ پر اساتذہ قائم

ممبئی: (خیال اثر) ریاست گیر سطح پر جاری نان گرانٹ اساتذہ کے دھرنے میں ہزاروں اساتذہ کی شرکت سے آزاد میدان میں عوامی ہجوم نظر آیا اس موقع پر یکم نومبر کو وزیر تعلیم کیساتھ ہوئی میٹنگ میں شام دیر گئے حتمی فیصلہ نہیں ہوسکا جس کے باعث اساتذہ نے رات آٹھ بجے تک آزاد میدان میں دھرنا اندولن جاری رکھا۔ اس بیچ ٹیچر ایم ایل ایز نے اساتذہ کو سمجھایا۔ اسی ضمن میں مہار کے گورنر بھگت سنگھ کوشیاری نے سرکار کے نام مکتوب لکھتے ہوئے اساتذہ کے مسائل جلد حل کرنے کی گزارش کی۔ وہیں وزیر تعلیم کیساتھ ہوئی میٹنگ میں کوئی خاطر خواہ فیصلہ نہ ہونے سے اساتذہ کرام میں شدید ناراضگی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں شیخ زاہد سر نے تفصیل دیتے ہوئے کہا کہ مہاراشٹر سنوئے مہا سنگھ اور انگوشت شکشک سنگھ کے مہا آکروش مظاہرین نے سخت احتجاج کا مزید اشارہ دیا ہے اور مہاراشٹر کے تمام اساتذہ سے آزاد میدان دھرنے میں شرکت کی اپیل کی ہے۔ آج جمعرات کو بھی وزیر تعلیم نے اساتذہ کے نمائندوں سے میٹنگ کرتے ہوئے انہیں آئندہ 15 نومبر کے بعد گرانٹ کے اعلان کیساتھ ہی اہل اسکولوں کی فہرست جاری کرنے کا مثبت تیقن دیا ہے۔ اساتذہ کی تنظیموں نے اسکولی وزیر دیپک کیسرکر کی اس وعدہ خلافی کی مذمت بھی کی ہے۔ اساتذہ نے کہا کہ جب یکم نومبر کو فیصلہ ہونا طے تھا تو پھر وزیر تعلیم کی اساتذہ کیساتھ اس طرح کی حرکت مناسب نہیں ہے۔ آج شام تک گرانٹ کے متعلق مزید فیصلہ ہونے کی امید ہے۔ کہا جارہا ہے کہ جنھیں گرانٹ نہیں جاری کی گئی ہیں ان کیلئے 20 فیصد گرانٹ دینے کا اعلان کرنا اور 20 فیصد گرانٹ یافتہ کو 40، 40 فیصد گرانٹ یافتہ کو 60 فیصد گرانٹ دینے کا فیصلہ بھی 15 نومبر کو کیا جائے گا۔

اگلا صفحہ

سابقہ صفحہ